

سبق 8

# اپنا اپنا گھر





ایک روز موہن کلاس میں اپنے
ساتھ ایک عجیب سا جھولا لے آیا۔
سب بچّے جاننا چاہتے تھے کہ یہ کیا ہے ؟
ماسٹر صاحب کلاس میں داخل ہوئے
اُنہوں نے موہن سے گھونسلہ لیکر بچوں
کو دکھایا اور بتایا کہ یہ بَیا نام کی ایک چڑیا کا
گھونسلہ ہے۔




بچّو ! سردی گرمی اور برسات سے بچنے
کے لئے ہمیں گھر کی ضرورت ہوتی ہے
گھر ہمیں چور ، لٹیروں سے بھی بچائے
رکھتا ہے۔




اسی طرح ہر جاندار چاہے وہ کیڑے
مکوڑے ہوں۔ پرندے ہوں یا کوئی بڑا
جانور سب کا اپنا گھر ہوتا ہے مزے کی بات






یہ ہے کہ ایسے گھروں کے الگ الگ نام بھی ہیں۔


شیر جیسا طاقتور جانور بھی بغیر گھر کے نہیں رہتا۔ اس کے گھر کو ماند یا گُفا کہا جاتا ہے لیکن بندر اپنا گھر نہیں بناتے سارا جنگل ان کا گھر بسیرا ہے۔بچّو ! تم نے پرندوں میں سے کس کس کا گھونسلہ دیکھا ہے؟






عامر نے کہا:۔میں نے چڑیا کا گھونسلہ دیکھا ہے، جو ہمارے گھر میں ہے۔

فرحین بولی:۔میں نے شہد کی مکھیوں کا گھر دیکھا ہے۔امّی اُسے گھونسلہ نہیں ، چھتّا کہتی ہیں۔



''بر'' بھی چھتّا بنا کر رہتی ہے۔


سانپ نیولا اور چوہا بل میں رہتے ہیں۔




مکڑی جالا تان کر اس میں رہتی ہے چیونٹی مٹّی کا ٹیلا بنا کر رہتی ہے۔

ناصر بولا:۔ہماری الماری کے پیچھے کی دیوار کے چھوٹے سے سوراخ میں چوہے کا بل ہے،فرح اپّی نے مجھے بتایا تھا۔


ڈیوڈ نے کہا اس کی امّی مرغیوں کو دڑبے میں اور کبوتروں کو کابک میں بند کر کے کہتی ہیں کہ یہ ان کے گھر ہیں۔





ماسٹر صاحب نے کہا۔تم سب ٹھیک بتا رہے ہو۔گائے ،بھینس یا بکری کے رہنے کی جگہ کو سارہ کہتے ہیں۔گھوڑا باندھنے کی جگہ اصطبل ہے، گھوڑا، بلی ، کتا، گائے پالتو جانور ہیں وہ ہمارے قریب ہی رہنا پسند کرتے ہیں ۔گاؤں میں ان کے رہنے کے لئے چھپّر ڈالے جاتے ہیں۔انجم نے پوچھا چھپّر کیا ہوتا ہے؟

ماسٹر صاحب، گھاس پھونس ڈال کر چھپّر بنائے جاتے ہیں ماسٹر صاحب نے کہا۔کل تیز بارش تھی چھپّر سے پورا پانی اندر آ رہا تھا میری گائے بھیگ گئی۔ نتّھو نے گھاس پھوس ڈال کر چھپّر کو ٹھیک کر دیا۔چھپّر سے پانی ٹپکنا بند ہو گیا۔



پڑھیے اور بتایئے

(1) چھپّر کیوں بنائے جاتے ہیں؟

(2) تم نے کس کس طرح کے چھپر دیکھے ہیں ان کی تصویر بناؤ؟

(3) امر کی گائے کا چھپر کیوں ٹپک رہا تھا؟

(4) اندھیرا دور کرنے کے لئے کن کن چیزوں کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(5) گھر سے ہمیں کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟

(6) ان الفاظ کی ضد لکھئے :۔

| | |
|---|---|
| اندھیرا | اجالا |
| سردی | ............................ |
| بڑا | ............................ |
| قریب | ............................ |
| اندر | ............................ |
| طاقت ور | ............................ |


(7) جب بہت بارش ہوتی ہے تو تمہارے اسکول اور گھر کی کیا حالت ہوتی ہے؟


(8) بارش کا اپنا کوئی مزے دار قصہ سناؤ

(9) صحیح جوڑے بناؤ

| | |
|---|---|
| لکڑی کا جلنا | ٹم ٹم ٹم |
| پانی کا ٹپکنا | کل کل کل |
| ندی کا بہنا | تڑ تڑ تڑ |
| بارش کا ہونا | ٹپ ٹپ ٹپ |
| چمنی کا جلنا | رم جھم رم جھم |

(10) بتاؤ کس کا گھر کونسا ہے؟





(11) ایک گھر کی تصویر بناؤ رنگ بھرو